# 19-10-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مشورہ دیا ہے کہ لائسنس یافتہ سرویئرس کو ریاست میں زمینداروں کے حقوق اور زمین کی حدود کا تعین کرنے میں دیانتداری کے ساتھ کام کرنا چاہیئے۔

۲۔ مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ مرکزی حکومت ملک کی داخلی سلامتی کے معاملے پر غیر سمجھوتہ کرنے والا موقف اپنا رہی ہے۔

۳۔ بی آر ایس قائد اور سابق وزیر ہریش راؤ نے ریاستی حکومت سے فوری طور پر ریاست میں کپاس اور مکئی کے خریداری مراکز کھولنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اور

۴۔ حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے کہا ہے کہ اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے کئی اضلاع میں موسلا دھار بارش ہوگی۔

WEATHER:

حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے کہا ہے کہ اگلے 24 گھنٹوں کے دوران ریاست کے کئی اضلاع میں موسلا دھار بارش ہوگی۔ بتایا گیا ہے کہ بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، محبوب نگر، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاؤں، یدادری بھونگیر، رنگاریڈی، وقارآباد، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ، جوگولامبا گدوال اضلاع میں موسلا دھار بارش ہوگی۔ اس سلسلے میں متعلقہ اضلاع کے لیے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اس دوران آج بعض علاقوں میں بارش ہوئی۔ آشوارا ؤپیٹ میں 3 سینٹی میٹر اور ستوپلی اور مدھیرا میں ایک ایک سنٹی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

TESCB

ریاستی کوآپریٹو سنٹرل بینک نے کل ریاست میں 6 اضلاع کے کوآپریٹو سنٹرل بینکوں میں تقریباً 225 آسامیوں کی بھرتی کے لیے اعلامیہ جاری کیا۔ یہ آسامیاں حیدرآباد، کریم نگر، کھمم، ورنگل، محبوب نگر اور میدک ڈسٹرکٹ بینکوں میں پُر کی جائیں گی۔ ریاستی کوآپریٹو سنٹرل بینک نے مشورہ دیا ہے کہ امیدوار آج سے اگلے مہینہ تک آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔

KTR:

بھارت راشٹرا سمیتی کے کارگزار صدر کے تارکا راما راؤ نے ہائیڈرا پر الزام لگایا ہے کہ وہ تجاوزات ہٹانے کے نام پر غریبوں کے مکانات کو منہدم کر رہا ہے اور بڑے لیڈروں کی عمارتوں کی پرواہ نہیں کی جا رہی ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں الزام لگایا کہ بعض وزراء کے مکانات تالاب میں ہونے کے باوجود انہیں کوئی پرواہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی پالیسیوں کی وجہ سے ریاست میں رئیل اسٹیٹ کا کاروبار زوال پذیر ہے۔

Higher Education Council

ریاستی کونسل آف ہائر ایجوکیشن کے چیرمین آچاریہ بالا کشتا ریڈی نے کہا کہ ریاست کی تمام یونیورسٹیوں میں اختراعی کلسٹرس قائم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایک سال میں صنعت سے منسلک تعلیم کو فروغ دینے کے لیے کئی صنعتوں نے تنظیموں کے ساتھ معاہدوں پر دستخط کئے ہیں اور ریاست بھر میں مختلف صنعتوں میں تربیت کے لیے 5000 افراد کا انتخاب کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ سال سے مختلف یونیورسٹیوں کے اشتراک سے دوہری ڈگری پروگرام متعارف کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کم از کم 20 فیصد ڈگری گریجویٹس کو پوسٹ گریجویشن کرنے کی ترغیب دی جائے گی اور کم از کم 10 فیصد پی جی گریجویٹس کو تحقیق کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے لیے خصوصی اسکالرشپ فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے مشورہ دیا کہ والدین کو چاہیے کہ وہ اپنے بچوں کی تعلیم پر توجہ دیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ انہیں مال کی بجائے اچھی تعلیم فراہم کی جائے۔انہوں نے حیدرآباد کے سندر یہ وگنانا بھون میں منعقدہ بیسٹ ٹیچرس اور طلباء کے اعزازی پروگرام میں شرکت کی۔کشن ریڈی نے تجویز پیش کی کہ تعلیمی اداروں میں انگریزی کے ساتھ ساتھ مادری زبان کو بھی فروغ دیا جائے۔انہوں نے بجٹ اسکولوں میں زیر تعلیم محنت کش اور غریب خاندانوں کے بچوں کو مبارکباد پیش کی جو شاندار صلاحیتوں کا مظاہرہ کررہے ہیں۔

POLICE DAY:

ملک بھر میں یوم شہداء پولیس منایا جارہا ہے۔اس موقع پر انتظامات جاری ہیں۔دہلی میں مرکزی تقریب نیشنل پولیس میموریل میں منعقد ہوگی جہاں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ خراج عقیدت پیش کریں گے۔اس موقع پر مسلح پولیس فورس اور مقامی پولیس کی جانب سے مشترکہ پریڈ نکالی جائے گی

DIWALI - IG

محکمہ فائر کے آئی جی وکرم سنگھ مان نے کہا کہ دیوالی کے موقع پر پٹاخے پھوڑنے کے دوران لوگوں کو ہوشیار رہنا چاہیے، کیونکہ ناقص پٹاخوں کی وجہ سے حادثات ہونے کا خدشہ ہے۔انہوں نے مشورہ دیا کہ غیر متوقع حالات کی صورت میں ہنگامی خدمات کے لیے ٹول فری نمبر 101، 112 پر رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد سمیت تمام ضلعی ہیڈکوارٹرز میں فائر بریگیڈ کو تیار رکھا گیا ہے

By Election

حیدرآباد کے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب کے لیے نامزدگی کی مدت پیر کو ختم ہورہی ہے۔کل تک 96 پرچہ نامزدگیاں داخل کی گئیں۔ پرچہ کل دیوالی کے موقع پر بھی قبول کی جائی گی۔بی آر ایس کے موجودہ رکن ایم گوپی ناتھ کی موت کی وجہ سے ضمنی انتخاب منعقد کئے جارہے ہیں۔

Colleges:

جگتیال ضلع کے دھرم پوری اور کریم نگر ضلع کے گنگا دھرا میں سرکاری ڈگری کالج قائم کیے جا رہے ہیں۔ سکریٹری تعلیم یوگیتا رانی نے اس سلسلے میں احکامات جاری کیے ہیں۔ دوسری جانب حکومت نے نارائن پیٹ ضلع کے دھنواڑا میں گورنمنٹ ڈگری کالج کے لیے نئی عمارت کی تعمیر کے لیے 6 کروڑ 10 لاکھ روپے کی منظوری دی ہے۔

Industries

ریاستی وزیر صنعت و انفارمیشن ٹکنالوجی ڈی سریدھر بابو نے ایک بیان میں کہا کہ ریاست غیر ملکی براہ راست سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں سب سے آگے ہے لیکن حکومت کو ان لوگوں کے ذریعہ بدنام کیا جا رہا ہے جو نہیں چاہتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریاست کو گزشتہ مالی سال کے پہلے 6 مہینوں میں 12,864 کروڑ روپے کی ایف ڈی آئی موصول ہوئی، جو پچھلے سال کی سرمایہ کاری سے 33 فیصد زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہری ایف ڈی آئی کے لحاظ سے حیدرآباد ملک کے تین شہروں میں سے ایک ہے۔

BusSchool

نلگنڈہ ضلع کے ڈی ایس پی شیوارام ریڈی نے مشورہ دیا کہ تعلیمی اداروں کے ذریعہ چلائی جانے والی بسوں کا باقاعدگی سے معائنہ کیا جانا چاہیۓ اور صرف ہنر مند افراد کو ڈرائیور کے طور پر مقرر کیا جانا چاہیۓ۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ہر بس میں ایک اسسٹنٹ کا تقرر کیا جائے۔ آج نلگنڈہ میں منعقدہ پرائیویٹ اسکول بس ڈرائیورس کے لیے ایک بیداری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے خبردار کیا کہ قواعد کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

DPOs

ریاست کے 6 اضلاع کے لیے نئے پنچایت افسران کا تقرر کیا گیا ہے۔حکومت نے ان کی تقرری کے احکامات جاری کیے ہیں جن میں بھدرادری کوتہ گوڑم، ملوگو، سدی پیٹ، ونپرتی، جنگاؤں اور محبوب نگر اضلاع میں تعیناتی کی گئی ہے۔

CM

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مشورہ دیا ہے کہ لائسنس یافتہ سرویئرس کو ریاست میں زمینداروں کے حقوق اور زمین کی حدود کا تعین کرنے میں دیانتداری کے ساتھ کام کرنا چاہئے۔انہوں نے آج حیدرآباد کے شلپا کلا ویدیکا میں سرویئرس کے لیے لائسنس کی تقسیم کے پروگرام میں حصہ لیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے ہر منڈل کے لئے چار سے چھ لائسنس یافتہ سرویئرس کی تقرری کا فیصلہ کیا ہے اور اس کے تحت پہلے مرحلے میں ریاست بھر میں 3,465 افراد کا تقرر کیا گیا ہے۔انہوں نے یاد دلایا کہ اس وقت کی کانگریس حکومت نے زرعی زمین کی حد بندی ایکٹ کے ذریعے لاکھوں ایکڑ زمین قبائلیوں اور غریبوں میں تقسیم کی تھی۔انہوں نے کہا کہ جنگلات کے حقوق ایکٹ 2006 کے ساتھ قبائلیوں کے ساتھ انصاف کیا گیا ہے۔ دوسری طرف چیف منسٹر نے حیدرآباد کے چارمینار پر کانگریس پارٹی کے ذریعہ منعقدہ راجیو گاندھی سدبھاونا یاترا یادگاری پروگرام میں شرکت کی اور خراج عقیدت پیش کیا۔ریاستی وزراء اتم کمار ریڈی، پونگولیٹی سرینواس ریڈی اور پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ نے پروگرام میں شرکت کی۔

Annadata

یہ مرکز پردھان منتری غریب کلیان انا یوجنا کے تحت کورونا دور سے ضرورت مندوں کو مفت راشن فراہم کر رہا ہے۔آل انڈیا ریڈیو سے بات کرتے ہوئے، راجنا سرسلہ ضلع سے استفادہ کنندہ ایرلا پلی وینکٹیش نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Sound Byte.

Bandi Sanjay

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ مرکزی حکومت ملک کی داخلی سلامتی کے معاملے پر غیر سمجھوتہ کرنے والا موقف اپنا رہی ہے اور ان لوگوں کو نظرانداز نہیں کرے گی جنہیں قومی سلامتی کے لیے خطرہ سمجھا جاتا ہے۔ جمہوریت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے انہوں نے مشورہ دیا کہ دہشت گردی کی حمایت کرنے والوں کو آج ہی اپنی پالیسیاں بدلنی چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی انٹیلی جنس اور تحقیقاتی ادارے صرف دہشت گردی کے خاتمے تک محدود نہیں ہیں بلکہ کرپشن اور دیگر جرائم کو بھی بے نقاب کر رہے ہیں۔

Purchase Centre

منچر یال کے کلکٹر کمار دیپک نے کہا کہ منچر یال ضلع میں 301 اناج خریداری مراکز قائم کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں جاریہ سیزن میں تقریباً 3 لاکھ 59 ہزار میٹرک ٹن اناج کی پیداوار متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اے گریڈ کے اناج کے لیے 2,389 روپے فی کنٹل اور عام گریڈ کے اناج کے لیے 2,369 روپے فی کنٹل کی امدادی قیمت مقرر کی ہے۔

Harish Rao

بی آر ایس قائد اور سابق وزیر ہریش راؤ نے ریاستی حکومت سے فوری طور پر ریاست میں کپاس اور مکئی کے خریداری مراکز کھولنے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ کپاس کی امدادی قیمت نہ ہونے کی وجہ سے کسان اپنی فصل درمیانی افراد کو انتہائی کم قیمت پر فروخت کر رہے ہیں۔ انہوں نے آج سدی پیٹ میں مکئی کے کسانوں سے بات چیت کی۔

OO